علمی اعتقادی اور تاریخی
مقالات کا مجموعہ

مقالاتِ شرف قادری



علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

مرتب
محمد عبدالستار طاہر

مکتبہ قادریہ ۰ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب .... مقالات شرف قادری

تحریر .... شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

ترتیب وتصحیح .... محمد عبدالستار طاہر مسعودی

حروف ساز .... (۱) حافظ نثار احمد قادری

(۲) الحجاز کمپوزرز، اسلام پورہ لاہور فون#7154080

صفحات ۵۸۴

طباعت .... محرم الحرام ۱۴۲۸ھ، ۲۰۰۷ء

باہتمام .... حافظ نثار احمد قادری

ناشر .... مکتبہ قادریہ، لاہور

تعداد .... ایک ہزار

قیمت .... 225 روپے

تقسیم کار

مکتبہ قادریہ

محی الدین منزل، داتا دربار مارکیٹ، لاہور

فون نمبر 7226193

ایمان ہے۔(۱)

(۷) **قلمی جہاد**: قلم کی قوت کو برائی اور فتنہ وفساد کے خلاف استعمال کرنا،
کسی دانشور کا مقولہ ہے کہ جہاں شمشیریں کام نہیں آتیں وہاں تحریریں کام
آجاتی ہیں۔

(۸) **نظریاتی سرحدوں کا پہرہ**: قوم کے نونہالوں کو اسلامی عقائد و
نظریات کی تعلیم دینا اور مخالفین کے اعتراضات کے تسلی بخش جواب دینا
حدیث شریف میں ہے:

جاھِدُوا الْمُشْرِکِیْنَ بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ وَاَلْسِنَتِکُمْ مشرکوں
سے جہاد کرو اپنے مالوں سے اپنی جانوں سے اور اپنی زبانوں سے۔(۲)
قلم کے بارے میں کہا جاتا ہے: "احد اللسانین" وہ دو زبانوں میں
سے ایک ہے۔

(۹) **جہاد بالنفس**: (مجاہدہ) یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی
سے اپنے ظاہر و باطن کو آراستہ کرے اور اوصاف ذمیمہ سے اپنے آپ کو
محفوظ کرے۔ حدیث شریف میں ہے:

رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِهَادِ الْاَکْبَرِ، جِهَادِ النَّفْسِ (۳)
ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف لوٹے ہیں یعنی نفس کے جہاد کی طرف۔
ایک دوسری حدیث میں ہے: اَلْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ (۴)
مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس سے جہاد کرے۔

---

(۱) محمد بن عبداللہ الخطیب، امام: مشکوٰۃ شریف عربی ص ۳۳۶
(۲) ایضاً: ص ۳۳۲
(۳) یہ حدیث امام بیہقی نے سند ضعیف کے ساتھ روایت کی ہے۔
(۴) محمد بن عیسیٰ ترمذی، امام: ترمذی شریف (طبع ملتان) ۱/۱۹۵

❷ جہاد بالدعوۃ: کیا مسلم یا غیر مسلم معاشرے میں زبان وقلم اور دیگر پُر امن ذرائع سے دین کی دعوت وتبلیغ اور اعلاء کلمۃ اللہ کی کوشش بھی جہاد ہے؟

(ج) جی ہاں، جیسے کہ ابھی بیان ہوا ہے۔

❸ جہاد بالنفس: کیا دینی احکام پر عمل کے لئے اپنی ذات کی اصلاح اور اس کے لئے کوشش اور جدو جہد بھی جہاد شمار ہوگی؟

(ج) اس کا جواب اس سے پہلے آچکا ہے کہ یہ بھی جہاد ہے۔

علامہ عجلونی فرماتے ہیں:

رَجَعْنَامِنَ الْجِهَادِالْاَصْغَرِالَى الْجِهَادِالاكبر

یہ حدیث احیاء العلوم میں ہے، علامہ عراقی نے فرمایا: اسے امام بیہقی نے حضرت جابر سے سند ضعیف کے ساتھ روایت کیا، خطیب بغدادی نے اسے اپنی تاریخ میں حضرت جابر سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ سے تشریف لائے اور فرمایا: تمہارا آنا بہت اچھا ہے، تم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف آئے ہو، صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ بڑا جہاد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: (مجاهدةُ العبدِ هَوَاهُ) بندے کا اپنی خواہش کے ساتھ جہاد کرنا۔(۱)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کامل ترین ایمان والا مسلمان کونسا ہے؟ فرمایا:

(۱) وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں اپنی جان اور مال کے ساتھ جہاد کرتا ہے۔

(۲) وہ شخص جو کسی گھاٹی میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے، اس نے لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ کردیا ہے۔(۲)

---

(۱) علامہ عجلونی: کشف الخفاء، ۱/۴۲۵۔۴۲۴

(۲) امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث: سنن ابوداؤد (کراچی) ۱/۳۳۶